پریس ریلیز

شیل نے ڈی ایچ اے کراچی میں اپنے انٹیگریٹڈ ریٹیل آؤٹ لیٹ کا افتتاح کر دیا

کراچی، 31 مئی 2022: شیل پاکستان لمٹیڈ نے حال ہی میں تزئین و آرائش کے بعد اپنے انٹیگریٹیڈ ریٹیل آؤٹ لیٹ کا افتتاح کر دیا ہے۔ ایس پی ایل ڈیفنس سروس اسٹیشن کے نام سے یہ ریٹیل آؤٹ لیٹ خیابان بحریہ، ڈی ایچ اے فیز 5، کراچی میں واقع ہے۔ نئی ریٹیل آؤٹ لیٹ از سرے نو تعمیر کی گئی ہے اور اس میں شیل ریچارج نصب کرنے کے علاوہ شیل سیلیکٹ آؤٹ لیٹ کو بھی وسعت دی گئی ہے اور پہلے سے زیادہ بڑی شیل کار واش کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔

ایس پی ایل ڈیفنس سروس اسٹیشن میں نیا اضافہ صاف تر ایندھن اور دوران سفر آٹو موبیل سروسز کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں کو پورا کرنا ہے۔ اس آؤٹ لیٹ میں ایک نیا اضافہ شیل ریچارج ہے جو فی الحقیقت الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشن ہے۔ یہ شہر میں الیکٹرک وہیکل چارج کرنے کی تیسری سہولت ہے جسے کے الیکٹرک کے تعاون سے نصب کیا گیا ہے اور اس کا مقصد پاکستان کی ترقی کو توانائی کی فراہمی کی حکمت عملی سے جوڑنا ہے۔ یہ ریٹیل آؤٹ لیٹ شمسی توانائی سے چلتی ہے جس کے لیے 45 کلوواٹ کا سولر پینل کے-سولر (K-Solar) کے تعاون سے نصب کیا گیا ہے تاکہ صاف تر توانائی کے وسائل مہیا کیے جا سکیں اور عمدہ کارکردگی کے حامل بلا تعطل آپریشنز کے قابل بنایا جا سکے۔ ماڈرن شیل سیلیکٹ اسٹور اعلیٰ معیار کے اسنیکس، بیوریجز اور گروسریز صارفین کو جدید شاپنگ کا باسہولت تجربہ فراہم کرتا ہے۔

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شیل پاکستان لمٹیڈ کے چیف ایگزیکٹو اور منیجنگ ڈائریکٹر، وقار صدیقی نے کہا، ''ہمیں ایس پی ایل ڈیفنس کے اطراف میں آباد مکینوں اور صارفین کو ایک نیا تجربہ فراہم کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے جو مصنوعات کی ایک ایسی وسیع رینج کی تلاش میں ہیں جو ویلیو ایڈیڈ خدمات کا مجموعہ ہے اور جس میں صاف توانائی اور نقل و حمل کے دیگر سولوشنز موجود ہیں۔ شیل ری چارج الیکٹرک گاڑیوں کے تیزی سے بڑھتے ہوئے طبقے کے لیے صاف ستھرے اور پائیدار توانائی کے مستقبل کی جانب ایک اور قدم ہے۔ اس طرح کی ایجادات کے ساتھ، شیل پاکستان ملک اور اس کے لوگوں کی خدمت کے لیے پر عزم ہے۔''

کے الیکٹرک کے چیف فنانشل آفیسر، محمد عامر غازیانی نے کہا، ''شیل کے ساتھ کے الیکٹرک شراکت کاربن کے اخراج میں کمی کے ساتھ ٹرانسپورٹیشن سیکٹر میں اصلاحات کے ہدف کے قریب لے جا رہی ہے جو اس وقت ملک کے کاربن فٹ پرنٹ کا 46 فیصد ہے۔ مستقبل پر نظر رکھنے والی کمپنی کے طور پر، کے الیکٹرک قابل تجدید توانائی کا حصہ بڑھانے کے لیے بھی سرگرم ہے۔ تعاون کے اس جذبے کے ساتھ ہم پر امید ہیں کہ ہم قابل تجدید ذرائع کے ذریعے کاربن میں کمی کے لیے اپنے اہداف حاصل کریں گے اور ایک بہتر اور زیادہ پائیدار مستقبل کے لیے اس تبدیلی کی حمایت کے لیے بنیادی ڈھانچہ تعینات کریں گے۔''

کے-سولر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ہاشم رضا نے کہا، ''کے-سولر کو خوشی ہے کہ اس نے بحریہ، ڈی ایچ اے میں شیل کی الیکٹرک وہیکل چارجنگ سائٹ کو جزوی طور پر شمسی توانائی کی فراہم کے ذریعے پائیدار نقل و حمل کی سہولت فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ مجموعی طور پر، میں نے اور میری ٹیموں نے پاکستان بھر میں شیل کی 11 سائٹس پر سولر سسٹم لگائے ہیں جو اِن کے پٹرول اسٹیشنوں، پمپس، ریٹیل اسٹور اور دیگر خدمات کے لیے زیادہ پائیدار توانائی فراہم کریں گے۔''

ایس پی ایل ڈیفنس سروس اسٹیشن کے پاس پیشہ ورانہ تربیت یافتہ عملے کے ارکان کے علاوہ شکایت کا ایک مؤثر نظام بھی موجود ہے جو فوری طور پر اور دوستانہ رد عمل ظاہر کرنے کے ساتھ شیل کی مخصوص مصنوعات اور خدمات سے متعلق صارفین کے تاثرات کے لیے ہمیشہ کھلا ہے۔ صارفین سائٹ کے عملے سے کسی بھی وقت رابطہ کر سکتے ہیں یا 0800 - SHELL کے ذریعے رپورٹ کر سکتے ہیں یا generalpublicenquiries-pk@shell.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

xxx